## سوال

(188) عورت کی نماز جمعہ ادا کرنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کی نماز جمعہ ادا کرنے کا کیا حکم ہے؟ کیا وہ مردوں سے قبل یا بعد میں یا ان کے ساتھ ہی ادا کرے گی؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت پر جمعہ واجب نہیں ہے لیکن اگر وہ امام کے ساتھ نماز جمعہ ادا کرے تو اس کی نماز درست ہے اور جب وہ اپنے گھر میں نماز ادا کرے تو وہ نماز ظہر یعنی چار رکعتیں ادا کرے گی اور ادا بھی ظہر کا وقت داخل ہونے کے بعد کرے گی یعنی زوال آفتاب کے بعد اور جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہوا ہے کہ اس کے لیے گھر میں تنہا نماز جمعہ ادا کرنا جائز نہیں ہو گا۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

## صفحہ نمبر 188

## محدث فتویٰ